## معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے ملک ہی کے نہیں بلکہ انسانیت کے دشمن ہیں۔الطاف حسین

## وقت آگیا ہے کہ ملک کے تمام امن پسند شہری ان عناصر کے خلاف آواز بلند کریں

## ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش بم دھماکہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔ 20 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ چند روز قبل بھی ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک مذہبی جلوس میں خودکش دھماکہ ہوا تھا جس میں درجنوں معصوم و بے گناہ افراد جاں بحق ہوئے تھے اور آج ایک اور خودکش دھماکہ ہوا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے ملک ہی کے نہیں بلکہ انسانیت کے دشمن ہیں اور وقت آگیا ہے کہ ملک کے تمام امن پسند شہری ان عناصر کے خلاف آواز بلند کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ہونے والا یہ خودکش بم دھماکہ ملک میں مذہبی رواداری کو سبوتاژ کرنے کی بھی کوشش ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ خودکش دھماکہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگواروں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

## مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری وجاہت حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## چوہدری شجاعت حسین کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کی ٹیلی فون پر تعزیت

لندن۔۔20فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت سے ٹیلی فون پر ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے چوہدری شجاعت سے گفتگو کرتے ہوئے کہا آپ کی والدہ کے انتقال پر مجھے دلی صدمہ ہوا ہے اور میری، رابطہ کمیٹی اور ایک ایک کارکن کی جانب سے دلی تعزیت قبول فرمائیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ چوہدری شجاعت حسین نے جناب الطاف حسین کا تعزیت کیلئے فون کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

## حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور سینیٹر سمیت ایم کیوایم کے تمام لوگ دکھ کی گھڑی میں چوہدری شجاعت حسین اور لواحقین کے ساتھ ہیں،ڈاکٹر فاورق ستار

کراچی۔۔۔20،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حق پرست اراکین قومی اسمبلی، سینیٹرز اور اراکین صوبائی اسمبلی سمیت ایم کیوایم کے تمام لوگ دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔(آمین)

## ناظر ملک کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 112-B کے کارکن ناظر ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عوام ظفر اقبال کی والدہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔ 20 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ظفر اقبال کی والدہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ ظفر اقبال کی والدہ جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## طالبان کی دہشت گردانہ کارروائیوں سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر بھرپور اقدامات کئے جائیں، انچارج ایلڈرزونگ طیب حسین ہاشمی

## نارتھ کراچی سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔20، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرزونگ کے انچارج طیب حسین ہاشمی نے کہا ہے کہ باشعور طبقے کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ ملک وقوم پر منڈلانے والے طالبانائزیشن کے خطرے سے عام آدمی کو تیزی سے ساتھ آگاہ کرے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم ایلڈرزونگ گھر گھر اور گلی گلی جاکر طالبانائزیشن کے خلاف عوام کو متحرک رکھنے کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو مکمل احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے رہی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ایلڈرزونگ کے تحت نارتھ کراچی سیکٹر میں منعقدہ بزرگ کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم ایلڈرزونگ کی کمیٹی کے اراکین ضمیر الحق اور طیب یزدانی بھی موجود تھے۔طیب حسین ہاشمی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سندھ اور بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کا انکشاف کیا تھا جسے مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں نے لسانیت اور قوم پرستی کا نام دیکر عوام کو گمراہ کرنے کوشش کی لیکن آج وقت اور حالات جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کے حوالے سے بیان کردہ خدشات کو حقائق پر مبنی ثابت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے نازک موقع پر بزرگوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ طالبانائزیشن کے خلاف رائے عامہ ہموار کریں، لوگوں کو طالبانائزیشن کے خلاف متحرک کریں اور طالبان کی دہشت گردانہ کارروائیوں سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر بھرپور اقدامات کئے جائیں۔

## نیشنل بینک کے صدر اور انتظامیہ سے نیشنل بینک میں آفیسرز پرموشنز لائق تحسین ہیں، وسیم قریشی

کراچی۔۔۔20، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین مرکزی کمیٹی نے نیشنل بینک کے صدر اور انتظامیہ سے نیشنل بینک میں آفیسرز پرموشنز پر تشکر کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ نیشنل بینک میں بروقت پرموشنز سے صدر نیشنل بینک سید علی رضا نے ملازمین اور افسران کے دل جیت لیے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بینک انتظامیہ کے فیصلے کے باعث آفیسرز گریڈ III سے آفیسرز گریڈ II اور آفیسرز گریڈ II سے آفیسرز گریڈ I میں ہزاروں کی تعداد میں ملازمین پرموٹ ہوئے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں سید علی رضا نے ملازمین کے مسائل حل کئے ہیں اور اسی طرح سال 2009ء میں بھی انہوں نے بینک ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے نیشنل بینک انتظامیہ کا عمل لائق تحسین اور میرٹ کے مطابق ہے جس پر صدر بینک سید علی رضا اور HR چیف ڈاکٹر مرزا ابرار بیگ مبارکباد اور خراج تحسین کے مستحق ہیں۔لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین نے ادارے میں آفیسرز/ایگزیکٹو کی سالانہ انکریز/اپریزل سسٹم کے حوالے سے بھی صدر نیشنل بینک سے مثبت توقعات کا اظہار کیا۔

## سرائیکی صوبہ موومنٹ کے صدر ملک ممتاز حسین جاتی کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی حمایت کی

کراچی۔۔۔20،فروری2009ء۔۔۔سرائیکی صوبہ موومنٹ کے صدر ملک ممتاز حسین جاتی نے ایک نمائندہ وفد کے ہمراہ گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین شاہد لطیف اور نیک محمد سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی حمایت کی اور اسے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا ضامن قرار دیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے اراکین شاہد لطیف اور نیک محمد نے ملک ممتاز حسین جاتی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی مکمل ترجمانی کرتا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جسے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت نے جنم دیا اور کسی بھی ملک میں پڑھی لکھی غریب ومتوسط طبقے کی قیادت ہی نہ صرف ترقی وخوشحالی کا جذبہ اور صلاحیت رکھتی ہے بلکہ ناانصافیوں اور ظالمانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی تمام قومیتوں اور برادریوں کا احترام کرتی ہے اوران کے جائز حقوق کیلئے بھی جدوجہد کررہی ہے اورانشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد سے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کی حکمرانی کا سورج طلوع ہوگا اور ہر جانب ترقی وخوشحالی،عدل وانصاف کی فراہمی کا دور دورہ ہوگا۔

## متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کے خلاف عوام میں شعور بیدار کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی،اراکین کراچی مضافاتی کمیٹی

## لانڈھی ٹاؤن اور شاہ فیصل ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔20،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ سندھ اور بالخصوص کراچی میں بسنے والے حق پرست پنجابی ،پختون،سرائیکی،ہزارے وال،کشمیری اور دیگر قومیتوں کے افراد طالبانائزیشن کی سازش کو سندھ میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت لانڈھی ٹاؤن اور شاہ فیصل ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا دین ہے اور اعتدال پسندی کا درس دیتا ہے جبکہ مذہبی انتہاء پسند اسلام کے نام پر فرسودہ اور جاہلانہ رسومات کو فروغ دیکر دنیا بھر میں اسلام کا امیج خراب کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کا عمل پاکستان کی سالمیت کے خلاف ہے اور متحدہ قومی موومنٹ ملک وقوم کی خودمختاری اور سالمیت کے خلاف کسی بھی عمل کو ہرگز برداشت نہیں کریگی اور طالبانائزیشن کے خلاف عوام میں شعور بیدار کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کی سازش سے عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کریں،پرنٹ والیکٹرانک میڈیا میں نشروشائع ہونے والی طالبان کی دہشت گردانہ سرگرمیوں سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے تشہیری مہم چلائیں اوراس کے خلاف اپنا ہرممکن اور بھرپور کردار ادا کریں۔

## جوعناصر طالبانائزیشن کواسلامائزیشن کا نام دے رہے ہیں وہ ملک وقوم کو دھوکہ دے رہے ہیں،شمشاد علی صدیقی

## ریاض میں پاکستانی اسکول کی تعمیر کیلئے لی گئی نئی زمین کی افتتاحی تقریب سے خطاب،اسکول کیلئے محبان پاکستان کی جانب سے 2لاکھ عطیہ کا اعلان

ریاض۔۔۔20،فروری2009ء۔۔۔محبان پاکستان اوورسیز نے ریاض میں پاکستانی اسکول کی تعمیر کیلئے 2لاکھ روپے عطیہ دینے کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان محبان پاکستان مڈل ایسٹ کے کوآرڈی نیٹر شمشاد علی صدیقی نے گزشتہ روز اسکول کیلئے لی گئی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب کے مہمان خصوصی سفیر پاکستان شاہد کریم اللہ تھے جبکہ اس موقع پر محبان پاکستان ریاض کے عہدیداران کے علاوہ پاکستانیوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شمشاد علی صدیقی نے کہا کہ پاکستان کے صوبہ سرحد،سوات،باجوڑ اور قبائلی علاقوں میں طالبانائزیشن کا عمل باعث تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان کی نام نہاد شریعت میں خواتین کا باہر نکلنا،تعلیم کے دروازے بند کرنا اور اسکولوں کو تباہ کرنے کا عمل ملک وقوم کے مستقبل کو تاراج کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سندھ اور کراچی میں بھی طالبانائزیشن کی سازش سے حکمرانوں اور عوام کو بروقت آگاہ کردیا تھا لیکن یہ بات انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتی ہے کہ ملک کی سالمیت کے اس مسئلے پر بھی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حقائق پر مبنی خدشات کو سیاسی مفادات بھینٹ چڑھاتے ہوئے جھوٹ پر مبنی قرار دیا اور آج صورتحال یہ ہے کہ ملک وقوم طالبانائزیشن کے شکنجہ میں جکڑی ہوئی لگتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اعتدال پسندی جماعت ہے اسلام کی اصل روح اور شریعت پرعمل پیرا ہے اور جوعناصر طالبانائزیشن کو اسلامائزیشن کا نام دے رہے ہیں وہ ملک وقوم کو دھوکہ دے رہے ہیں۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے شہید کارکن فاروق پٹنی کے بھائی، لانڈھی سیکٹر کے کارکن کی والدہ، ٹنڈوالہ یار زون کے کارکن کے والد اور مورو سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن کے بہنوئی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے شہید کارکن فاروق پٹنی کے بڑے بھائی محمد ابراہیم، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 90 کے کارکن سلیم انصاری کی والدہ محترمہ سعیدہ بانو، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ 2A کے کارکن ماسٹر محمد اکرم شاہ کے والد نور دین اور ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون مورو سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن منور کے بہنوئی محمد طفیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## طالبان ملک کو انتہاء پسندی کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔20، فروری 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین وحید الزماں اور مرکزی کابینہ کے اراکین نے کہا ہے کہ اسلام "تمہارا دین تمارے ساتھ اور میرا دین میرے ساتھ" کا درس دیتا ہے تو پھر چند انتہاء پسند عناصر کس لئے اسلام کی تعلیمات کی نفی کرتے ہوئے لوگون کو انتہاء پسندی کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی عرصے سے پاکستان میں طالبان عناصر کی موجودگی سے ملک انتہاء پسندی اور فرقہ واریت کی طرف جارہا ہے جس کی وجہ سے ملک میں عدم استحکام اور شخصی آزادی پر تشویش کی فضاء قائم ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ انتہاء پسندانہ سوچ نے ہزاروں معصوم عوام کو خودکش حملوں، خواتین کے ساتھ ناروا سلوک کی بھینٹ چڑھایا ہوا ہے نیز خواتین پر تعلیم کے دروازے بند کرنا انکے اسکول و کالجز کو دھماکہ خیز مواد سے اُڑا دینا اور حد تو یہ ہے کہ اب لڑکیوں کے اسکول کے کو بھی تباہ کیا جارہا ہے کھلی دہشت گردی نہیں ہے تو کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات کے مطابق ہر شخص کو اس کے بنیادی حقوق حاصل کرنے اور اپنی مذہبی آزادی کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ خطبہ حجتہ الوداع میں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت اور مرد کے مساوی حقوق کا درس ہی نہیں دیا بلکہ تمام مخلوقات کے ساتھ حُسن سلوک کا درس دیا ہے تو پھر چند انتہا پسند عناصر کس حق سے لوگوں کو اپنے بنائے ہوئے احکامات کی نفی کرنے پر ظلم و جبر کا نشانہ بنارہے ہیں۔اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے ایسی من گھڑت شریعت اور لوگوں کو اس جانب ظلم و جبر کے ذریعے راغب کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ ہمارے پاس قرآن شریف اور احادث مبارکہ موجود ہے جن کی رہنمائی میں ہم اپنی زندگیوں کو خود راہ راست پر چلا سکتے ہیں۔جس کیلئے ہمیں کسی بیرونی انتہاء پسند عناصر کی کوئی ضرورت نہیں۔

## آزادیِ صحافت کو ضرب لگانا کھلی دہشت گردی ہے۔اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔20، فروری 2009ء ۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈیٹس آرگنائزنشن کی مرکزی کابینہ نے گزشتہ روز سوات میں طالبان کے ہاتھوں ہونے والے پُرتشدد واقعات میں الیکٹرانک میڈیا کے ترجمان کی ہلاکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے آزادیِ صحافت کے خلاف کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آج دنیا میں تمام مما لک میں آزادی صحافت کو آزادی حاصل ہے اور وہ حقیقت پسندانہ طرزِ عمل اختیار کرتے ہوئے عوام کو تمام حقائق سے آگاہ کررہے ہیں لیکن آج جب اگر آزادی صحافت سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے ملک میں دہشت گرد عناصر کے خلاف عوام کو حقائق سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں تو انہیں قتل کیا جارہا ہے جو کہ ایک گھناونا عمل اور کھلی دہشت گردی کے مترادف ہے۔اے پی ایم ایس او نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ہوش کے ناخن لیں اور حکومت انتہا پسندی کے ذریعے معصوم لوگوں کے قتل عام کا سلسلہ فی الفور بند کرائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او کی سیکٹر کمیٹیوں کا اعلان کردیا

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اے پی ایم ایس او جنرل ورکرز اجلاس

## کراچی کے ٹاؤن میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے کوچنگ سینٹرز کے قیام کا اعلان کردیا گیا

کراچی۔۔۔20،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی سیکٹر کمیٹیوں کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے اے پی ایم ایس او کے کارکنان کے بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات کارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت ،اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں صدیقی اور سیکریٹری جنرل نعمان علی بھی موجود تھے۔جنرل ورکرز اجلاس میں اے پی ایم ایس او کی نومنتخب سیکٹر کمیٹیز کے اعلان کے ساتھ ساتھ کراچی کے اٹھارہ ٹاؤن میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے کوچنگ سینٹرز کے قیام کا اعلان بھی کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا کہ کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ وہ تحریک کے فکر وفلسفے کے ساتھ ساتھ اپنی توجہ حصولِ علم کی جانب بھی مرکوز رکھیں کیونکہ موجودہ حالات میں تحریک کو پڑھے لکھے سلجھے ہوئے کارکنان کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس اوتحریک کا ہراول دستہ ہے جو ہمیشہ تحریک کو قیادت فراہم کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آج میڈیا وار اور سائبر وار کا دور ہے لہٰذا تحریک کی بہتر انداز میں خدمت اس ہی وقت کی جاسکتی ہے جب ہم فکری اور ذہنی لحاظ سے ان کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہیں۔انہوں نے اے پی ایم ایس او کراچی کی سیکٹرز کمیٹیز کا علان کرتے ہوئے نومنتخب سیکٹر کمیٹیز کو رابطہ کمیٹی کی جانب سے مبارکباد دی اور سیکٹر کمیٹیز کو بہتر انداز میں کام کرنے کی ہدایت دی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل نعمان علی نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے درمیان ہم آہنگی اور اتحاد کو برقرار رکھتے ہوئے نظم وضبط کی پابندی کریں،تحریک میں ہمیشہ قربانیوں کا سفر جاری رہا ہے لہٰذا تحریک کے کارکنان کو ہر قسم کی قربانی اور آزمائش کیلئے ذہنی طور پر تیار رہنا چاہئے۔اس موقع پر چیئرمین اے پی ایم ایس او وحیدالزماں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اس اجلاس میں کارکنان کی تعداد اس بات کی غمازی کررہی ہے کہ آج تمام کارکنان الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے یہاں پر موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او بانی وقائد تحریک الطاف حسین بھائی کے فکر وفلسفے کو عام طلباء وطالبات تک پہنچانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کارکنان اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیں،موجودہ حالات پر کڑی نگاہ رکھیں کیونکہ آج ہمارے ملک کو مذہبی انتہا پسندی کا سامنا ہے ۔

## کراچی سے موٹر سائیکل پر عائد پابندی کو فی الفور ختم کیا جائے،حق پرست ارکان اسمبلی

کراچی۔۔ 20فروری 2009ء۔۔۔حق پرست ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سے موٹر سائیکل پر عائد پابندی کو فی الفور ختم کیا جائے۔ایک بیان میں ارکان اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ کئی ماہ سے موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی عائد ہے جس کی وجہ کراچی کے شہریوں کو سفری دشواریاں لاحق ہیں اور شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب جبکہ کراچی مکمل طور پر امن امان کا گہوارہ بنا ہوا ہے لہٰذا ڈبل سواری پر سے پابندی کو ختم کیا جائے تاکہ شہریوں کو سفری پریشانیوں سے نجات حاصل ہوسکے۔

## ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر کے کارکن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 112-B کے کارکن ناظر ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ڈیفنس میں زیر تعمیر مکان کی چھت گرنے سے تین افراد کی ہلاکت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔19،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے ڈیفنس ویوفیز 3 میں واقع زیر تعمیر مکان کی چھت گرنے سے تین افراد کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔دریں اثناء واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم،جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

☆☆☆☆☆